جھلکیاں بار بار سامنے آتی ہیں۔ مصنف کا ماٹو ہے کہ سفر' علم وعمل اور عرفان وآگہی کی عملی درس گاہ ہے۔ اس لیے ان کا یہ سفرنامہ فکرونظر کے نئے دریچے کھولتا ہے۔ نامور کالم نگار عرفان صدیقی کے بقول: ''یہ بالکل ہی منفرد انداز واسلوب کا سفرنامہ ہے جس میں مسافر یا سیاح محض گردوپیش کے مناظر' تہذیب ومعاشرت کے رنگ ڈھنگ' افراد کے انداز واطوار' قابلِ دید مقامات کی سج دھج...... ذاتی تجربات ومشاہدات ہی کا تذکرہ نہیں کرتا بلکہ ٹھوس افکار اور سنجیدہ مباحث کا دبستان کھول دیتا ہے''۔

پیش لفظ ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر کے قلم سے ہے۔ کتابت وطباعت عمدہ ہے۔ تصاویر بھی شامل ہیں۔ ص ۳۳ کی پہلی تصویر ایا صوفیا کی ہے' نہ کہ مسجد سلیمانیہ کی۔ (ع - ش - ہ)

تعارف کتب

☆ *Holy Quran* [قرآنِ مقدس]' مترجم: (کرنل) محمد ایوب خاں۔ ناشر: ہولی قرآن سوسائٹی' ۲۹۴' توسیع' کیولری گراؤنڈ' لاہور کینٹ۔ صفحات: ۴۸۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [قرآن پاک کا سادہ انگریزی ترجمہ۔ مترجم کی تجویز ہے کہ بیرونِ ملک جانے والے یہ ترجمہ قرآن مترجم سے حاصل کریں اور انگریزی خواں قارئین تک پہنچائیں۔]

☆ عہد رواں کی ایک عبقری شخصیت (علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی)' مولانا محمد امین نورانی۔ ناشر: بزم انوار القرآن' مدنی مسجد' گلشن اقبال' بلاک ۵' کراچی۔ صفحات: ۲۸۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [مولانا شاہ احمد نورانیؒ کی زندگی اور ان کے علمی' دینی' سیاسی اور تبلیغی کارناموں کا ایک جامع مرقع۔ مولانا مرحوم کی متعدد تصاویر بھی شاملِ کتاب ہیں۔]

☆ موضوعاتی اشاریہ' السیرہ و نعت رنگ' مرتب: حافظ سید محمد اظہر سعید۔ ناشر: سیرت اکادمی بلوچستان' ۲۷۲-اے' او بلاک III 'سیٹلائٹ ٹاؤن' کوئٹہ۔ صفحات: ۶۰۔ قیمت: ۲۵ روپے۔ [سیرت کے دو رسائل السیرہ عالمی ''ششماہی'' اور نعت رنگ (شمارہ ۱ تا ۱۲) میں شائع ہونے والے مضامین' نعتوں' تبصروں وغیرہ کا اشاریہ۔ اس موضوع سے دل چسپی رکھنے اور اس پر تحقیق کرنے والوں کے لیے ایک مفید راہ نما۔]

☆ کاروانِ خیال' مرتب: گوہر ملسیانی۔ ناشر: ادارہ عکسِ صادق' مظہر فرید کالونی' صادق آباد۔ صفحات: ۱۴۴۔ قیمت: ۸۱ روپے۔ [رحیم یار خان کے آٹھ شعرا کا تعارف اور ان کا کلام' جن کی تصاویر سرورق اور پشت پر دی گئی ہیں۔ شاعری کا ذوق رکھنے والوں کے لیے تحفہ۔]